10017 - انہیں اچانك علم ہوا کہ ان کا امام سورۃ فاتحہ انگلش میں پڑھ رہا ہے

سوال

اگر نمازیوں میں سے ایك شخص امامت كے لیے آگے بڑھ كر امامت كروائے اور سورۃ فاتحہ انگلش میں پڑھنا شروع كر دے تو ہمیں كیا كرنا چاہیے؟
كیا مقتدی نماز توڑ دیں، یا كہ وہ اس كے پیچھے نماز ادا كرتے رہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

آپ اسے متنبہ كرنے كے لیے سبحان اللہ كہیں، اوراگر وہ متنبہ نہیں ہوتا اور اسی طرح انگلش میں قرآت جاری ركھتا ہے تو آپ اس سے علیحدہ ہو كر نماز ادا كر لیں، آپ كے لیےاس كے پیچھے نماز جاری ركھنا جائز نہیں.

واللہ اعلم .